بسم الله الرحمن الرحيم

مولیٰ ھے تو ھمارا

برھان دیں طع محمد ، داعي الزمان طع ھمارا
مولیٰ ھے تو ھمارا اور مھربان ھمارا

دعوت ھے باغ ، ھم سب ھیں پُھول اور کلیاں
ھیں پاسبان ملائك تو باغبان ھمارا

مدح و ثناء سے تیري دعوة کي مجالسوں میں
برکات لے رھا ھے پیر و جوان ھمارا

دعوة کے دشمنوں کو ھم فخر سے ھیں کھتے
ھم دیں کے پاسبان ھیں تو پاسبان ھمارا

عِز و بقاء ھماري بس ھے تیرے ھي دم سے
باعث تیرے ھي مولیٰ سِکه روان ھمارا

سایہ تیرا شه دیں طع ، سر پرجو ھو ھمارے
پھر یہ زمین ھماري ، یہ آسمان ھمارا

تو نے ھي ھم کو آقا یہ مرتبه دیا ھے
جس جاء تیرا ھے شھره قصه وھاں ھمارا

تیري نگاهِ رحمت دائم رھے ھمیشه
چاھے بنے مخالف سارا جھان ھمارا

گھر بار کو لُٹا کر ہم جان تجھ پہ دیں گے
اٰتا نہیں یقیں گر لے اِمتحاں ہمارا

سر کو جھکائیں گے ہم قدموں پہ تیرے اٰقا
تجھ پر فداء کریں گے ہم مال و جاں ہمارا

ہم کھکشاں ہے ہو کر جنت کو جا رہے ہیں
برھان دیں ؑ مولیٰ تو ساربان ہمارا

ہو طول عمر تیري ، اَرض وسماء ہے جبتك
قائم تیرے ہي دم سے نام و نشاں ہمارا

ہے اٰرزو حُسامي اِك بار شاہ کِہدیں
یہ ہے غلام و خادم اور مدح خواں ہمارا